سبق نمبر:3 ہجرت حبشہ مصنف کا نام: مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری								
1	سبق "ہجرت حبشہ" کے مصنف کا کیا نام ہے؟							
	A	مولانا مودودی	B	مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری	C	مولانا محمد حسین	D	باقی احمد پوری
2	مشرکین مکہ مسلمانوں کو کہاں سے نکلوانا چاہتے تھے؟							
	A	مدینہ	B	حبش	C	مکہ	D	شام
3	مششرکین مکہ نے نجاشی کے دربار میں نمائندے بھیجے:							
	(A	دو	(B	تین	(C	چار	(D	پانچ
4	مسلمانوں کے ترجمان کون تھے؟							
	A	جعفر بن ابی طالب رض	B	انس بن مالک رض	C	عمر خطاب رض	D	عمر بن عبد العزیز رض
5	حضرت جعفر رض نے کس سورہ کی آیات تلاوت کیں؟							
	A	سورہ الرحمٰن	B	سورہ یسین	C	سورہ فلق	D	سورہ مریم
6	مسلمانوں نے مکہ سے کہاں ہجرت کی؟							
	A	عراق	B	ایران	C	حبشہ	D	شام
7	اس پر نجاشی نے زمین سے ایک ــــــــ اُٹھایا اور بولا:							

	A	تیر	B	تنکا	C	نیزہ	D	پتھر
8	اے بادشاہ! ہم ایسی قوم تھے جو مبتلا تھی:							
	A	غفلت میں	B	بت پرستی میں	C	خود غرضی میں	D	جاہلیت میں
9	مجھے گوارا نہیں کہ تم میں سے میں کسی آدمی کو ستاؤں اور اس کے بدلے مجھے مل جائے:							
	A	بہت بڑا خزانہ	B	سونے کا پہاڑ	C	سیم وزر	D	قیمتی گھوڑے
10	نجاشی نے کہا: جاؤ تم لوگ میرے ۔۔۔۔۔ میں امن وامان سے رہو							
	A	وطن	B	ریاست	C	قلمرو	D	دیس

سبق نمبر:4 ماں جی مصنف کا نام: قدرت اللہ شہاب								
1	سبق "ماں جی" کے مصنف ہیں:							
	A	عبدالکریم	B	قدرت اللہ شہزاد	C	قدرت اللہ شہاب	D	اشفاق احمد
2	ماں جی کے خاندان نے کس ملک کی طرف ہجرت کی؟							
	A	ہندوستان	B	برصغیر	C	پاکستان	D	بنگلہ دیش
3	ماں جی کس گاؤں میں پیدا ہوئی؟							
	A)	روپڑ	B)	انبالہ	C)	منیلہ	D)	سرہند
4	ناناجی کی اراضی۔۔۔۔کی کھدائی میں ضم ہو گئی۔							
	A)	کنواں	B)	دریا	C)	نہر	D)	سڑک
5	ماں جی کی شادی کس سے ہوئی؟							
	A)	عبدالکریم سے	B)	عبداللہ سے	C)	عبدالحق سے	D)	عبدالصمد سے
6	ماں جی کا آبائی وطن تحصیل روپڑ ضلع۔۔۔۔تھا							
	A)	خوشاب	B)	انبالہ	C)	منیلہ	D)	سرہند
7	ناناجی اپنی بیوی،۔۔۔۔ننھے بیٹوں اور ایک بیٹی کا کنبہ ساتھ لے کر لائل پور روانہ ہو گئے۔							
	A)	دو	B)	تین	C)	چار	D)	پانچ

8	ماں جی کے شوہر کس محکمے میں ملازم تھے؟							
	A	پولیس	B	تعلیم	C	فوج	D	ریلوے
9	ماں جی کا سب سے بڑا بیٹا عین عالم شباب میں ۔۔۔۔۔ جا کر گزر گیا۔							
	A	پاکستان	B	ہندوستان	C	انگلستان	D	افغانستان
10	جب عبداللہ صاحب کا انتقال ہوا تو ان کی عمر باسٹھ سال اور ماں جی کی عمر۔۔۔۔۔ سال تھی:							
	A	چالیس	B	پچاس	C	پچپن	D	ساٹھ

سبق نمبر:5 کافی مصنف کا نام: مشتاق احمد یوسفی

1	سبق ”کافی“ کے مصنف ہیں:							
	A	قدرت اللہ شہاب	B	ناصر کاظمی	C	مشتاق احمد یوسفی	D	اشفاق احمد
2	کافی کس ملک کا قومی مشروب ہے:							
	A)	آسٹریلیا کا	B)	امریکا کا	C)	کینیا کا	D)	برطانیہ کا
3	کافی کا جلا چائے بھی پیتا ہے:							
	A)	ٹھنڈی کر کے	B)	سونگھ سونگھ کر	C)	پھونک پھونک کر	D)	انتہائی گرم
4	شلغم میں ہوتا ہے:							
	A)	نکوٹین	B)	کیلشیم	C)	وٹامن	D)	آئرن
5	اگر یہ سچ ہے کہ کافی خوش ذائقہ ہوتی ہے تو کسی۔۔۔۔۔کو پلا کر اس کی صورت دیکھ لیجیے:							
	A)	بوڑھے	B)	بیمار	C)	بچے	D)	عورت
6	شامل نصاب سبق ”کافی“ کا تعلق کس ادب سے ہے							
	A)	غزل	B)	سیرۃ	C)	تاریخ	D)	مزاحیہ ادب
7	مجھے کافی سے۔۔۔کی بو آتی ہے:							
	A	حقے	B	سگار	C	پان	D	چھالیا

8	سبق کافی مصنف کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟							
	A	خاکم بدہن	B	چراغ تلے	C	زرگزشت	D	آب گم
9	استصوابِ رائے عامہ کا۔۔۔۔ آپ دیکھ چکے:							
	A	نتیجہ	B	حشر	C	پھل	D	انجام
10	عمدہ کافی بنانا بھی۔۔۔۔سے کم نہیں:							
	A	مہارت	B	کاری گری	C	کیمیاگری	D	ہنرمندی

سبق نمبر:6 رستم وسہراب مصنف کا نام: آغا حشر کاشمیری

1	نصابی سبق "رستم وسہراب" صنف نثر کے حوالے سے کیا ہے؟							
	A)	افسانہ	B)	ڈراما	C)	ناول	D)	داستان
2	بحوالہ سبق "رستم وسہراب" رستم، سہراب کا رشتے میں کیا لگتا تھا؟							
	A)	باپ	B)	بیٹا	C)	بھائی	D)	بھتیجا
3	سبق "رستم وسہراب" کے مصنف ہیں:							
	A)	قدرت اللہ شہاب	B)	آغا حشر کاشمیری	C)	مشتاق احمد یوسفی	D)	افتخار عارف
4	افراسیاب شہنشاہ تھا:							
	A)	اعراق کا	B)	افغانستان کا	C)	توران کا	D)	غزنی کا
5	چھٹے منظر میں سہراب کا بنیادی مقصد تھا							
	A)	بادشاہ بننا	B)	اپنے باپ کو تلاش کرنا	C)	رستم کو شکست دینا	D)	جنگ جیتنا
6	**سہراب کی موت کا سبب کیا تھا؟**							
	A)	رستم کی تلوار	A)	پہچان نہ ہونا	A)	سازش	A)	بیماری
7	قلعہ سفید کا غدار رئیس تھا:							
	A	افراسیاب	B	رستم	C	سہراب	D	بہرام

8	سہراب: آہ اے آنکھو! تمھارے نصیب میں ----- کا دیدار نہ تھا:							
	A	محبوب	B	بیٹے	C	باپ	D	ماں
9	سہراب کی ماں کا نام تھا:							
	A	سکینہ	B	رضیہ	C	تہمینہ	D	مریم
10	----- بوڑھے، تو! رستم نہیں ہے:							
	A	پاگل	B	فتح مند	C	بے وقوف	D	ظالم

سبق نمبر:7 محشر مصنف کا نام: غوث بہار (غنی پرواز)

1	سبق "محشر" کے مصنف ہیں:						
	A	غوث بہار	B	قدرت اللہ	C	مشتاق احمد	D	مختار مسعود
2	شامل نصاب افسانہ "محشر" کس زبان سے اردو میں ترجمہ کیا گیا؟							
	A)	عربی	A)	پشتو	A)	بلوچی	A)	فارسی
3	شامل نصاب سبق "محشر" کی صنف نثر ہے؟							
	A)	ڈراما	B)	افسانہ	C)	ناول	D)	داستان
4	بحوالہ سبق "محشر" رجسٹر کا بوجھ زیادہ تھا							
	A)	چار اونٹوں سے	B)	پانچ اونٹوں سے	C)	چھے اونٹوں سے	D)	سات اونٹوں سے
5	بحوالہ سبق "محشر" بوڑھے نے نوجوان کے پوچھنے پر اپنا کیا نام بتایا؟							
	A)	کلیڈ	B)	کامریڈ	C)	ٹھلو	D)	پنچیں کرز
6	بحوالہ سبق "محشر" کس مقام پر چند سال گزارنے کے بعد لوگ جنت میں جاتے ہیں۔							
	A)	فردوس	B)	بہشت	C)	ماویٰ	D)	اِعراف
7	یکا یک ایک گرد اٹھی یوں لگتا تھا جیسے کوئی۔۔۔ آ رہا ہے:							
	A	طوفان	B	آندھی	C	گرد باد	D	جاندار

8	نوجوان کو کس زبان کی وجہ سے غلط فہمی ہو رہی تھی؟							
	A	عربی اور پشتو	B	عربی اور پنجابی	C	عربی اور بلوچی	D	عربی اور سندھی
9	بحوالہ سبق "محشر" بوڑھے کی قوم کیسی تھی؟							
	A	غیر متحد	B	منتشر	C	غیر سنجیدہ	D	متحد
10	بوڑھے نے اپنی قوم کو دیکھا تو بے ساختہ------							
	A	رو پڑا	B	چلا اٹھا	C	چیخ اٹھا	D	للکار اٹھا

سبق نمبر:8		**مینار**		**مصنف کا نام: مختار مسعود**				
1	سبقِ " مینار " کے مصنف ہیں؟							
	A	شفیق الرحمن	B	ممتاز مفتی	C	مختار مسعود	D	اشفاق احمد
2	سبق "مینار" کی صنف ہے۔							
	A	افسانہ	B	ناول	C	ڈراما	D	مضمون / انشائیہ
3	بحوالہ سبق، "مینار"، "وہ مقام جہاں خواہشِ قلبی اور فرضِ منصبی کی حدیں مل جائیں اُسے خوش بختی کہتے ہیں" کس کا مقولہ ہے؟							
	A	مختار مسعود	**B**	سرسید احمد خاں	**C**	برناڈ شا	**D**	مصطفیٰ کمال
4	اقبال پارک کے جنوب میں واقع ہے؟							
	A	میوزیم	B	قلعہ اور مسجدِ عالمگیری	C	جہانگیر کا مقبرہ	D	دریائے راوی
5	جدید دور میں روشن میناروں کی روشنی اب کس سے کی جاتی ہے؟							
	A	موم بتی سے	B	بجلی اور گیس سے	C	لکڑی جلا کر	D	تیل جلا کر
6	سبق "مینار "ماخوذ ہے؟							
	A	آوازِ دوست	B	سفر نصیب	C	لوحِ ایام	D	حرفِ شوق
7	مصنف نے قبائلی علاقے میں کس کے مینار پر چڑھائی کی؟							
	A	مسجد	B	اسکول	C	قلعہ	D	حویلی

8	مصنف کے نزدیک ترقی نے کیا چیز محدود کر دی ہے؟							
	A	تعلیم	B	دولت	C	سفر	D	انفرادی صفات کا اظہار
9	دیوارِ چمن ڈھائی؟							
	A	غالب نے	B	اقبال نے	C	ناظم نے	D	عرفی نے
10	ہاتھی کے دانت کی طرح صرف دکھانے کے کام آتی ہے۔							
	A	سدِ سکندری	B	سدِ یاجوج	C	دیوار گریہ	D	دیوار چین

سبق نمبر:9 سیر دوسرے درویش کی مصنف کا نام: میر امن دہلوی								
1	سبق "سیر دوسرے درویش کی" کے مصنف ہیں:							
	A	میر امن	B	رشید حسن خان	C	اشفاق احمد	D	مشتاق احمد
2	سبق "سیر دوسرے درویش کی" کی صنف کیا ہے؟							
	A	ناول	B	داستان	C	ڈراما	D	افسانہ
3	بادشاہ نوفل نے حاتم کی خبر لانے والے شخص کے لیے کتنی اشرفیوں کے بطور انعام کا اعلان کیا؟							
	(A	دوسو	(A	تین سو	(A	چار سو	(A	پانچ سو
4	دوسرے درویش کی کہنے کی نوبت آئی تو بیٹھا:							
	A	اکڑوں	B	زمین پر	C	دوزانو	D	چارزانو
5	دوسرا درویش کس ملک کا بادشاہ زادہ تھا؟							
	A	ایران	B	فارس	C	عرب	D	مصر
6	حاتم کی نام آوری کے سبب دشمنی کمال ہوئی:							
	A	سلطان کو	B	نوفل کو	C	پہلے درویش کو	D	دوسرے درویش کو
7	پانچ سو اشرفیوں کا انعام آخر کار کس کو ملا؟							
	A	پہلے درویش کو	B	دوسرے درویش کو	C	بوڑھے شخص کو	D	حاتم طائی کو

8	میر عمارت کو بلوا کر ایک مکان عالی شان بنوایا:							
	A	حاتم طائی نے	B	بادشاہ نوفل نے	C	شاہ ایران نے	D	بوڑھے شخص نے
9	آخر چالیسویں دروازے سے آکر اس نے اشرفیاں مانگیں:							
	A	ایک سو	B	تیس	C	چالیس	D	پچاس
10	حاتم طائی کے زمانے میں عرب کا بادشاہ تھا:							
	A	قارون	B	سکندر	C	نوفل	D	نوشیرواں

سبق نمبر:10 بہادر خان کی سر گزشت مصنف کا نام: پروفیسر انور رومان

1	سبق بہادر خان کی سر گزشت کے مصنف کون ہیں؟							
	A	انور رومان	B	انوار احمد	C	انور مسعود	D	انور مقصود
2	بہادر خان شادی کے بلاوے پر اپنے۔۔۔کے ساتھ روانہ ہو گیا۔							
	A)	نوکر	B)	بھائی	C)	سیال	D)	بیوی
3	چوبان کو آگ لگنے کے سبب سے جل کر مر گیا:							
	A)	نوکر	B)	بہادر خان	C)	بیوی	D)	سیال
4	نوکر نے بہادر خان کے کھیتوں میں فصل بوئی:							
	A)	باجرے کی	B)	چاول کی	C)	گندم کی	D)	گنے کی
5	بہادخان کا نوکر زبردست۔۔۔۔۔۔تھا۔							
	A)	جھوٹا	B)	مکار	C)	چلم کشوک	D)	کام چور
6	بہادر خان کی جیب میں۔۔۔۔۔۔روپیا تھا جو شادی کے لیے کافی تھا۔							
	A)	سو	B)	دوسو	C)	تین سو	D)	چار سو
7	بہادر خان ایک کھاتا پیتا۔۔۔۔۔۔تھا							
	A)	تاجر	B)	سوداگر	C)	زمیندار	D)	کسان

8	بہادر خان شب بسری کے لیے چھپ گیا:							
	A	جنگل میں	B	قبرستان میں	C	غار میں	D	کھیتوں میں
9	دھوبی کی حفاظت کے لیے کتنے مسلح سوار بھیجے گئے ؟							
	A	تین	B	چار	C	پانچ	D	چھے
10	بہادر خان نے ملا کو غصے سے باندھ دیا							
	A	درخت سے	B	کھاٹ سے	C	زنجیر سے	D	رسی سے

سبق نمبر:11 حکیم احسن اللہ خان		مصنف کا نام: شمس الرحمٰن فاروقی					
1	سبق حکیم احسن اللہ خان کے مصنف ہیں:						
	(A	شمس الرحمٰن فاروقی	(B	نواب شمس الدین	(C	بہادر شاہ	(D	شمس الحق
2	عموماً۔۔۔ہاتھ کی نبض دیکھی جاتی۔						
	(A	دائیں	(B	بائیں	(C	دونوں	(D	کسی ایک
3	حکیم احسن اللہ خاں کو نبض دکھانے کی فیس تھی:						
	(A	دو آنے	(B	ایک آنہ	(C	ایک روپے	(D	کوئی نہیں
4	حکیم احسن اللہ خاں آنکھ کا تارا تھے:						
	(A	لکھنؤ والی کی	(B	دلی والوں کی	(C	کلکتہ والوں کی	(D	الہ آباد والوں کی
5	حکیم صاحب کے دونوں جانب بیٹھے ہوتے تھے:						
	(A	مریض	(B	نسخہ نویس حکیم	(C	چوبدار	(D	عطار
6	حکیم صاحب ولیم فریزر کی کوٹھی کے دروازے پر کتنے بجے پہنچے؟						
	(A	دو بجے	(B	تین بجے	(C	چار بجے	(D	پانچ بجے
7	بادشاہ سے اذنِ رخصت حاصل کر کے حکیم صاحب نے مغرب کی نماز کس مسجد میں ادا کی؟						
	(A	جامع مسجد دلی	(B	شاہی مسجد	(C	موتی مسجد	(D	بادشاہی مسجد

8	شامل نصاب سبق "حکیم احسن اللہ خان" کی صنف کیا ہے ؟							
	A)	ناول	**B)**	افسانہ	**C)**	آپ بیتی	**D)**	سوانح عمری
9	ولیم فریزر کے فرستادہ حکیم صاحب کے مطب میں اس وقت داخل ہوئے جب۔۔۔شروع ہو رہی تھی ؟							
	A	صبح	B	شام	C	<u>دوپہر</u>	D	D)رات
10	یہ رعونت اور جابرانہ گھمنڈ۔۔۔۔مزاج کا خاصہ تھا							
	A	دیسی	B	ولایتی	C	فرنگی	D	ہندوستانی

سبق نمبر:12 نظریہ پاکستان مصنف کا نام: ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

1	مجدد الف ثانی نے کس بادشاہ کے زمانے میں دین کی خاطر قید و بند کی سختیاں جھیلیں؟							
	A)	شہنشاہ اکبر	B)	جہانگیر	C)	ہمایوں	D)	شاہ جہاں
2	میسور کے سلطان حیدر علی کے بیٹے تھے:							
	A)	عثمان	B)	آصف الدولہ	C)	ٹیپو	D)	نواب شمس الدین
3	دیوبند میں مسلمانوں کی دینی تعلیم کی طرف توجہ دی							
	A)	حالی نے	B)	سرسید نے	C)	شبلی نے	D)	مولانا قاسم نانوتوی نے
4	پہلی جنگ عظیم میں ترکی نے کس ملک کا ساتھ دیا؟							
	A)	برطانیہ	B)	امریکہ	C)	جرمنی	D)	ہندوستان
5	محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی نے کس تحریک کی رہنمائی کی؟							
	A)	علی گڑھ تحریک	B)	سنی تحریک	C)	تحریک پاکستان	D)	تحریک خلافت
6	مسلمانوں کی قومیت ایک ----- قومیت ہے۔							
	A)	علاقائی	B)	وطنی	C)	نظریاتی	D)	بین الاقوامی
7	کل ہند مسلم لیگ کہاں قائم ہوئی							
	A)	دلی میں	B)	لاہور میں	C)	ڈھاکے میں	D)	کلکتے میں

8	۱۹۲۸ء میں کانگریس نے پیش کی:							
	A)	میثاق لکھنؤ	B)	نہرو رپورٹ	C)	تحریک خلافت	D)	اردو ہندی تنازع
9	مسلمانوں نے ہمیشہ اپنا شیوہ بنایا:							
	A)	سادگی کو	B)	خلوص کو	C)	رواداری کو	D)	عصبیت کو
10	۱۹۰۶ء میں کل ہند مسلم لیگ کی بنیاد کس نے رکھی؟							
	A)	محسن الملک	B)	وقار الملک	C)	لیاقت علی خان	D)	قائد اعظمؒ
11	شاہ ولی اللہؒ کے پوتے تھے:							
	A)	سید احمد بریلوی	B)	شاہ سلیمان	C)	شاہ اسماعیل	D)	حیدر علی
12	ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد کب ڈالی؟							
	A)	۱۹۰۶ء	B)	۱۸۳۱ء	C)	۱۸۸۵ء	D)	۱۹۱۶ء

سوال نامہ

سوال2:(الف)درج ذیل نظمیہ اجزامیں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

کعبے کی رونق کعبے کا منظر، اللہ اکبر، اللہ اکبر　　دیکھوں تو دیکھے جاؤں برابر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

حمدِ خدا سے تر ہیں زبانیں، کانوں میں رس گھولتی ہیں اذانیں　　بس اِک صدا آ رہی ہے برابر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

یا

مُجھ سے مت کر یار کچھ گفتار، میں روزے سے ہوں　　ہو نہ جائے تجھ سے بھی تکرار، میں روزے سے ہوں

ہر کسی سے کرب کا اظہار، میں روزے سے ہوں　　دو کسی اخبار کو یہ تار، میں روزے سے ہوں

(ب)درج ذیل غزلیہ اجزامیں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

جگ میں آ کر اِدھر اُدھر دیکھا　　تُو ہی آیا نظر جِدھر دیکھا

جان سے ہو گئے بدن خالی　　جس طرف تُو نے آنکھ بھر دیکھا

نالہ، فریاد، آہ اور زاری　　آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

یا

یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں　　دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے　　یہ دل کے کنول ہیں کہ بُجھے ہیں نہ جلے ہیں

نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے　　جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

سوال2:(الف)درج ذیل نظمیہ اجزامیں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

دِلوں کے ساتھ جبینیں جو خَم نہیں کرتے　　وہ پاسِ مدحتِ خیر الامم نہیں کرتے

دُعا بغیر، اجازت بغیر، اِذن بغیر　　　ہم ایک لفظ سپردِ قلم نہیں کرتے

یا

مجھے عقیدوں کے خواب دے کر کہا گیا ان میں روشنی ہے　　　چمکتی قدروں کی چھب دکھا کر مجھے بتایا یہ زندگی ہے

سکھائے مجھ کو کمال ایسے　　　یقیں نہ لائیں سکھانے والے اگر انہیں کو میں جا سناؤں

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　　(10=1+3+3+3)

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں　　　خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں　　　لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں

قید میں یعقوبؑ نے لی گو نہ یوسف کی خبر　　　لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

یا

وہی خواب آنکھوں میں ڈال دے، جو نشاطِ شامِ وصال دے　　　جو پلک جھپک میں گزر گئے مجھے پھر وہی مہ و سال دے

مجھے شوقِ سیرِ سما نہیں، میں اسیرِ حرص و ہوا نہیں　　　میں قفس میں عمر گزار دوں وہ ضمانتِ پر و بال دے

مرا غم شناس کوئی تو ہو، مرے آس پاس کوئی تو ہو　　　مرے حرف کو جو خلوص دے، مرے لفظ کو جو کمال دے

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　　(10=1+1+8)

محمدؐ کا مدینہ ہی جہاں میں ایک بستی تھی　　　جہاں راحت کا سایہ تھا جہاں رحمت برستی تھی

نگاہِ عرشیاں میں فرشِ فردوسِ نظارہ تھا　　　خدا کے فضل سے 'انسانِ کامل' جلوہ آرا تھا

یا

نثار میں تری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں　　　چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے　　　نظر چرا کے چلے، جسم و جاں بچا کے چلے

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں | ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں | یہاں سینکڑوں کارواں اور بھی ہیں
قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بو پر | چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

یا

جان سے ہو گئے بدن خالی | جس طرف تُو نے آنکھ بھر دیکھا
نالہ، فریاد، آہ اور زاری | آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا
ان لبوں نے نہ کی مسیحائی | ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

کریم ایسے کہ اِنعام کرتے جاتے ہیں | جواد ایسے کہ نعمت کو کم نہیں کرتے
جو اُن کے جادۂ رحمت سے منحرف ہو جائیں | زمانے اُن کو کبھی محترم نہیں کرتے

یا

وہ مخمل کا فرش اس میں سُتھرا کہ بس | بڑھے جس کے آگے نہ پائے ہوس
زمیں کا کروں واں کی کیا میں بیاں | کہ صندل کا اک پارچہ تھا عیاں

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے | ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں
جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور | تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں
جب تیرے تصور نے جلائیں نہیں شمعیں | لمحات وہی اپنے دل و جاں پہ کھلے ہیں

یا

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق — میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج — مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

سب رقیبوں سے ہوں ناخوش پر زنانِ مصر سے — ہے زلیخا خوش کہ محوِ ماہِ کنعاں ہو گئیں

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

محشر میں ہو نہ مجھے پیاس کا ڈر، ہوں مہرباں مجھ پہ ساقیِ کوثر — رب سے دعا کی زم زم کو پی کر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

تیرے کرم کی کیا بات مولا، تیرے حرم کی کیا بات مولا — تا عمر کر دے آنا مقدر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

یا

یقیں نہ لائیں سکھانے والے اگر انہیں کو میں جا سناؤں — میں کہنہ آنکھوں کی دسترس میں نئے مناظر کہاں سے لاؤں

کہاں پہ جنسِ کمال رکھوں، خیالِ تازہ کہاں سجاؤں — زمین پاؤں تلے نہیں ہے، تو کیسے تاروں کی سمت جاؤں

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

تجھے زعمِ خود نگری سہی، مجھے فخر قربِ حبیب ہے — میں ہوں عکس عکس میں جلوہ گر، مجھے آئینوں سے نکال دے

وہی تیرگی کی روایتیں، وہی ظلمتوں کی شکایتیں — تو وکیلِ صبحِ حیات ہے، کوئی روشنی کی مثال دے

نہ ہے چاہِ منصب و جاہ کی، نہ ہوس ہے تخت و کلاہ کی — میں غریب ہوں تو غیور رکھ، مجھے صرف رزقِ حلال دے

یا

اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا غم — مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں

تُو شاہیں ہے، پرواز ہے کام تیرا — ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا　　　　کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

سوال 3: سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) ”اے بادشاہ! آپ کے ملک میں ہمارے کچھ ناسمجھ نوجوان بھاگ آئے ہیں۔ انھوں نے اپنی قوم کا دین چھوڑ دیا ہے لیکن آپ کے دین میں بھی داخل نہیں ہوئے ہیں بلکہ ایک نیا دین ایجاد کیا ہے جسے نہ ہم جانتے ہیں، نہ آپ۔ ہمیں آپ کی خدمت میں انھی کی بابت ان کے والدین، چچاؤں اور کنبے قبیلے کے عمائدین نے بھیجا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ آپ انھیں ان کے پاس واپس بھیج دیں، کیوں کہ وہ لوگ ان پر کڑی نگاہ رکھتے ہیں اور ان کی خامی اور عتاب کے اسباب کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔

(ب) کہتے ہیں جب اہرام مصر کا معمار موقع پر پہنچا تو اس نے صحرا کی وسعت دیکھ کر فیصلہ کیا کہ عمارت بلند ہونی چاہیے۔ پھر اس نے بھر بھری اور نرم ریت کو محسوس کیا اور سوچا کہ اس عمارت کو سنگلاخ بھی ہونا چاہیے۔ جب دھوپ میں ریت کے ذرے چمکنے لگے تو اسے خیال آیا کہ اس کی عمارت شعاعوں کو منعکس کرنے کے بجائے اگر جذب کرلے تو کیا اچھا تناسب ہوگا۔ ہوا چلی تو اسے ٹیلوں کے نصف دائرے بنتے بگڑتے نظر آئے اور اس نے اپنی عمارت کو نوک اور زاویے عطا کر دیے۔

سوال 3: سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) غرض حاتم کی جوان مردی نے نہ قبول کیا کہ اپنے کانوں سے سن کر چپکا رہے۔ ویں ہیں (وہی) باہر نکل آیا اور اس بوڑھے سے کہا کہ اے عزیز! حاتم میں ہی ہوں، میرے تئیں نوفل کے پاس لے چل۔ وہ مجھے دیکھے گا اور جو کچھ روپے دینے کا اقرار کیا ہے تجھے دیوے گا۔ پیر مرد نے کہا: سچ ہے کہ اس صورت میں بھلائی اور بہبودی میری البتہ ہے، لیکن وہ کیا جانے تجھ سے کیا سلوک کرے! اگر مار ڈالے تو میں کیا کروں؟ یہ مجھ سے ہرگز نہ ہو سکے گا کہ تجھ سے انسان کو اپنی طمع کی خاطر دشمن کے حوالے کروں۔

(ب) ان دنوں سارے علاقے میں عبداللہ صاحب کا طوطی بول رہا تھا۔ وہ ایک امیر کبیر گھرانے کے چشم و چراغ تھے لیکن پانچ چھ برس کی عمر میں یتیم بھی ہو گئے اور بے حد مفلوک الحال بھی۔ عبداللہ صاحب دل و جان سے تعلیم حاصل کرنے میں منہمک ہو گئے۔ وظیفے پر وظیفہ حاصل کر کے اور دو سال کے امتحان ایک ایک سال میں پاس کر کے پنجاب یونیورسٹی کے میٹرکولیشن میں اوّل آئے۔ اس زمانے میں غالباً یہ پہلا موقع تھا کہ کسی مسلمان طالب علم نے یونیورسٹی امتحان میں ریکارڈ قائم کیا ہو۔

سوال 3: سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) سنا ہے کہ چائے کے بڑے خوب صورت باغ ہوتے ہیں۔ یہ بات یوں بھی سچ معلوم ہوتی ہے کہ چائے اگر کھیتوں میں پیدا ہوتی تو ایشیائی ممالک میں اتنی افراط سے نہیں ملتی بلکہ غلے کی طرح غیر ممالک سے درآمد کی جاتی۔ میری معلوماتِ عامہ محدود ہیں مگر قیاس یہی کہتا ہے کہ کافی بھی زمین ہی سے اگتی ہو گی کیوں کہ اس کا شمار ان نعمتوں میں نہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں پر آسمان سے براہِ راست نازل کرتا ہے۔ تاہم میری چشمِ تخیل کو کسی طور یہ باور نہیں آتا کہ کافی باغوں کی پیداوار ہو سکتی ہے۔

(ب) چناں چہ اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ وہ خود بھی نوکر کے ہمراہ جوہان کے پاس ٹھہرا کرے گا۔ مبادا نوکر کی نیت خراب ہو جائے یا قزاق ہی اسے لوٹ لیں۔ بیوی نے اس سے اتفاق کیا۔ بہادر خان اور نوکر وہیں رہنے لگے۔ بیوی ہر صبح اور شام ان کا کھانا وہاں دے آتی۔ اسی طرح کئی روز گزر گئے حتیٰ کہ ایک شام جب اس کی بیوی آندھی چلنے کی وجہ سے کھانا وقت سے پہلے دے کر جا چکی تھی، اس کا ایک دور کا سیال (رشتہ دار) وہیں کھیت میں اس کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اس کے چچا زاد بھائی لشکر ان کی شادی تھی جس پر وہ بلاوا لے کر آیا ہے۔

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) اولاد باپ کی زندگی کا سرمایہ اور ماں کی روح کی دولت ہے۔ یہ دولت محتاجوں سے نہ چھین۔ اپنی دنیا کا قانون بدل ڈال۔ اس کی موت مجھے اور میری باقی زندگی اسے بخش دے۔ موت۔ موت تو زال ورودابہ کے گھر کا اجالا، میرے بڑھاپے کی امید، میری تہمینہ کا بولتا کھیلتا ہوا کھلونا کہاں لیے جا رہی ہے؟ دیکھ میری طرف دیکھ۔ میں نے بڑے بڑے بادشاہوں کو تاج و تخت کی بھیک دی ہے، آج ایک فقیر کی طرح تجھ سے اپنے بیٹے کی زندگی کی بھیک مانگتا ہوں۔

(ب) حکیم صاحب کے دونوں جانب نسخہ نویس حکیم بیٹھے ہوتے تھے اور تخت پوش کے سامنے مریض دورویہ لمبی لمبی چوکیوں یا کرسیوں پر تھے۔ حکیم صاحب باری باری نہایت خندہ پیشانی سے دائیں اور بائیں جانب کے ایک ایک مریض کی نبض دیکھتے۔ مریض کو خود اپنا حال بیان کرنے کی حاجت بہت کم پیدا ہوتی تھی، مرض کی نوعیت سمجھنے کے لیے نبض دیکھنا ہی حکیم صاحب کے لیے کافی تھا۔ عموماً دائیں ہاتھ کی نبض دیکھی جاتی لیکن کبھی کبھی دونوں کلائیوں کی نبض کا ملاحظہ ہوتا مگر یہ اسی وقت جب مریض کوئی ایسی بات کہتا یا ایسی شکایت کا ذکر کرتا جو حکیم صاحب کے لیے غیر متوقع ہوتی۔

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) بوڑھا مشرق کی طرف روانہ ہوا اور بے بسی اور مجبوری سے شدید گرمی میں بھاگتا رہا۔ اس امید پر کہ شاید کبھی کوئی سائے مل جائے۔ اس نے دور سے ایک آگ جلتی ہوئی دیکھی۔ آگ کے شعلے کبھی سرخ، کبھی سبز اور کبھی کالے نظر آ رہے تھے۔ کچھ دیر بعد دھوپ کی گرمی کے ساتھ ساتھ

آگ کے شعلوں کی گرمی نے بھی بوڑھے کو آلیا لیکن وہ چلتا رہا۔ جب قریب پہنچا تو ایک شخص نے بوڑھے کا خیر مقدم کیا۔ یہ شخص ان دونوں نوجوانوں سے مختلف تھا۔ یہ شخص انتہائی کالا اور بدشکل تھا۔ ناک ہاتھی کی ناک جیسی اور آنکھیں پیشانی پر، ایک موٹا سا سانڈ ہاتھ میں، جس کا سر اجلا ہوا۔

(ب) اسی زمانے میں پہلی جنگِ عظیم چھڑ گئی، جس میں انگریز کا مقابلہ جرمنی سے ہوا اور ترکی نے جرمنی کا ساتھ دیا۔ ہندوستان کے مسلمان چوں کہ ترکی کے سلطان کو حجاز کی خدمت کرنے کی وجہ سے خلیفۂ اسلام سمجھتے تھے، اس لیے انھوں نے مالی اور طبی امداد بھی بہم پہنچائی جس کی وجہ سے حکومتِ برطانیہ کو مسلمانوں سے عناد پیدا ہو گیا لیکن انھوں نے یہاں کے مسلمانوں سے یہ وعدہ کیا کہ اگر ہمیں اس جنگ میں فتح حاصل ہو گئی تو ہم کسی طرح بھی ترکی کو مزید نقصان نہیں پہنچائیں گے۔

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) ہجرت حبشہ **(ب)** نظریہ پاکستان

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) ماں جی **(ب)** حکیم احسن اللہ

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) کافی **(ب)** سیر دوسرے درویش کی

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) محشر **(ب)** بہار دخان کی سرگزست

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) رستم و سہراب **(ب)** مینار

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) انسانِ کامل کی برکات **(ب)** نئی نسل کا نوحہ

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف)نعت (ب) میں روزے سے ہوں

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (4+1=5)

(الف)حمد (ب) داستان تیاری میں باغ کی

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (4+1=5)

(الف)نثار میں تیری گلیوں کے (ب) نعت

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (4+1=5)

(الف)انسانِ کامل کی برکات (ب) نثار میں تیری گلیوں کے

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) پاکستان میں آبادی کے مسائل (ب)سیرت طیبہ ﷺ (ج) قائد اعظمؒ اور دو قومی نظریہ

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) تعمیر وطن میں طلباء کا کردار (ب)دہشت گردی ایک ناسور (ج) اتحادِ عالم اسلام

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) مسئلہ کشمیر (ب)سوشل میڈیا فوائد اور نقصانات (ج) ٹیکنیکل ایجوکیشن

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) محنت میں عظمت (ب)فوگ اور سموگ سے بچاؤ (ج)باغبانی ایک دلچسپ مشغلہ

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) قومی تہوار (ب)اسلام میں گداگری کی مذمت (ج) اطاعتِ والدین

سوال7: چھوٹی بہن کو کمپیوٹر کی افادیت کے بارے میں خط لکھیں۔ (10)

یا

ایک جوتے کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

سوال7: دوست کو شعر و ادب کی اہمیت کے بارے میں خط لکھیں۔ (10)

یا

ایک چنے کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

سوال7: اخبار کے مدیر کے نام بڑھتی ہوئی مہنگائی کے بارے میں خط لکھیں۔ (10)

یا

ایک تتلی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

سوال7: والدہ صاحبہ کو ان کی بیمار پرسی کے لیے خط لکھیں۔ (10)

یا

قربانی کے بکرے کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

سوال7: دوست کے بھائی کی شادی میں شرکت نہ کرنے پر معذرت کا خط لکھیں۔ (10)

یا

ایک فٹ بال کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

اردو لازمی (معروضی طرز) ماڈل پیپر (سالِ دوم) وقت:20منٹ کل نمبر:20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔(1 x 20 = 20)

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	مشرکینِ مکہ نے نمائندے بھیجے:	دو	چار	پانچ	سات
2	بہادر خان نے ملا کو باندھ دیا:	کھاٹ سے	درخت سے	نلکے سے	دروازے سے
3	یونانیوں کو کافی کا علم ہوتا تو یہ یونانی طب میں ہوتی:	جزو اول	جزو اعظم	جزو کامل	جزو لازم
4	پہلی جنگِ عظیم میں ترکی نے ساتھ دیا:	جرمنی کا	فرانس کا	اٹلی کا	برطانیہ کا
5	نانا جی نے بقر عید پر ماں جی کو عیدی دی:	گیارہ پیسے	بارہ پیسے	دو آنے	تین آنے

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

نمبر شمار	سوالات	(A)	(B)	(C)	(D)
6	وہ گھوڑا گاڑی کس......ہے؟	کا	کی	کے	کو
7	روزنامہ جنگ دلچسپی سے......	پڑھی جاتی ہے	پڑھا جاتا ہے	پڑھی جاتی ہیں	پڑھے جاتے ہیں
8	......مجھے بخار تھا، اس لیے کالج نہ آ سکا:	اگر	مگر	چوں کہ	اگرچہ
9	اس نے میرا قلم ہی نہیں چرایا...... جھوٹ بھی بولا:	لیکن	کیوں کہ	جب کہ	بلکہ
10	اس کا گھر بار، دکانیں اور زمین سب کچھ......	پک گیا	پک گئے	پک گئیں	پک گئی

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے۔

نمبر شمار	سوالات	(A)	(B)	(C)	(D)

11	جملہ معترضہ کے آغاز اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے:	" "	!	/	( )
12	مختصر ترین ٹھہراؤ کو کہتے ہیں:	وقفہ	سکتہ	رابطہ	ختمہ
13	جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے:	،	؟	!	( )
14	قوسین کی علامت ہے:	" "	( )	!	؟
15	رموزِ اوقاف دراصل ہیں:	واقعات	علامات	الفاظ	حکایات

امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

نمبر شمار	امدادی فعل	(A)	(B)	(C)	(D)
16	چاہنا	اس نے وہی کیا جو چاہا۔	کھانا آیا چاہتا ہے۔	مجھے انصاف چاہیے۔	آپ چاہتے کیا ہیں؟
17	ڈالنا	اس نے ڈول پانی میں ڈالا۔	دودھ بالٹی میں ڈال دو۔	پھول کی پتیاں ڈالتے جاؤ۔	جو دل میں ہے ابھی سے کہہ ڈالو۔
18	ڈالنا	اس نے ڈول پانی میں ڈالا۔	دودھ بالٹی میں ڈال دو۔	پھول کی پتیاں ڈالتے جاؤ۔	جو دل میں ہے ابھی سے کہہ ڈالو۔
19	چکنا	اس کا حساب چکا دو۔	میں خط لکھ چکا ہوں۔	دہی کو ذرا چکھنا۔	ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات
20	رہنا	وہ یہاں رہتا ہے۔	تم کہاں رہ گئے ؟	وہ کہاں رہا؟	وہ اکثر یہاں آتا رہتا ہے۔

اردو لازمی　　(انشائی طرز)　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　وقت: 2:40 گھنٹے　　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

مانگی ہیں میں نے جتنی دعائیں، منظور ہوں گی، مقبول ہوں گی　　میزابِ رحمت ہے میرے سر پر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

یاد آ گئیں جب اپنی خطائیں، اشکوں میں ڈھلنے لگی التجائیں　　رویا غلافِ کعبہ پکڑ کر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

یا

یونہی ہمیشہ الجھتی رہی ہے ظلم سے خَلق　　نہ اُن کی رسم نئی ہے نہ اپنی ریت نئی

یونہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول　　نہ اُن کی ہار نئی ہے نہ اپنی جیت نئی

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں　　ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں

تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں　　یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں

قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بُو پر　　چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

یا

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق　　میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج　　مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

سب رقیبوں سے ہوں ناخوش پر زنانِ مصر سے　　ہے زلیخا خوش کہ محوِ ماہِ کنعاں ہو گئیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) کافی امریکا کا قومی مشروب ہے۔ میں اس بحث میں نہیں الجھنا چاہتا کہ امریکی کلچر کافی کے زور سے پھیلا یا کافی کلچر کے زور سے رائج ہوئی۔ یہ بعینہٖ ایسا سوال ہے جیسے کوئی بے ادب یہ پوچھ بیٹھے کہ "غبارِ خاطر" چائے کی وجہ سے مقبول ہوئی یا چائے "غبارِ خاطر" کے باعث؟ ایک صاحب نے مجھے لاجواب کرنے کی خاطر یہ

دلیل پیش کی، امریکا میں تو کافی اس قدر عام ہے کہ جیل میں بھی پلائی جاتی ہے۔ عرض کیا کہ جب خود قیدی اس پر احتجاج نہیں کرتے تو ہمیں کیا پڑی کہ وکالت کریں۔

(ب) میں نے ایک اور روشن مینار بھی دیکھا ہے۔ پہلے تو یہ میرے ذہن میں نقشے پر لگے ہوئے ایک نقطے کی صورت میں محفوظ رہا اور پھر ایک دن آنکھیں جھپکیں تو وہ نقطہ مینار بن چکا تھا۔ ایشیا کے نقشے پر نظر ڈالیں تو سائبیریا سے لنکا تک خشکی نظر آتی ہے۔ لنکا کے جزیرے کی شکل نقشے میں دیکھی تو گمان گزرا جیسے قدرت کی آنکھوں سے خشکی کا آخری قطرہ ٹپک کر سمندر میں گر پڑا ہو۔ اس جزیرے کی جنوبی حد ہمارے نقشے میں زمین کی آخری حد تھی۔ سکول کے طالب علم نے سوچا کہ خشکی کی اس حدِ آخر پر کھڑا ہو کر اگر یہ کہیں کہ ایشیا میرے قدموں میں سائبیریا تک پھیلا ہوا ہے تو یہ بات جغرافیے کی رُو سے درست اور تاریخ کی رُو سے نادرست ہو گی۔

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) ہجرتِ حبشہ **(ب)** مینار

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) انسانِ کامل کی برکات **(ب)** نئی نسل کا نوحہ

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **(20)**

(الف) پاکستان چین اقتصادی راہداری **(ب)** تعمیرِ وطن میں طلبہ کا کردار **(ج)** قدرتی آفات

سوال7: چچا جان کے نام خط لکھیں جس میں تحفہ ملنے پر شکریہ ادا کیا گیا ہو۔ **(10)**

یا

ایک پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

اردو لازمی معروضی طرز ماڈل پیپر (سالِ دوم) وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔ (1 x 20 = 20)

	سوالات	A	B	C	D
1	ماں جی بچوں کو کس بات کی تلقین کرتی تھیں؟	آرام کی	صبر اور محنت کی	کھیل کود کی	سفر کی
2	بعض معاشروں میں کافی علامت ہے:	دوستی اور احترام کی	عقلی دلائل کی	مفاہمت کی	مزاحمت کی
3	رستم نے سہراب کو اپنا فرضی نام بتایا:	سام	زال	توسن	قارن
4	کس نے ہر دروازے سے آنا اور ایک اشرفی بڑھانا شروع کیا؟	فقیر نے	بڑھیا نے	بوڑھے نے	بچے نے
5	مسلمانوں نے ہجرت کی مکہ مکرمہ سے:	عراق کی طرف	حبشہ کی طرف	یمن کی طرف	شام کی طرف

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

		A	B	C	D
6	--------- انگلیاں برابر نہیں ہوتیں:	پانچ	پانچوں	سات	دس
7	میں نے ارشد --------- کتاب دی۔	کو ہی	ہی کو	کو تو	جی کو
8	جوں جوں اوپر جاتے گئے --------- سردی بڑھتی گئی:	ویسے ویسے	ایسے تیسے	توں توں	پھر
9	"کلیاتِ مجید امجد" چھپ -------	گیا	گئیں	گئی	گئے
10	آپ کے مزاج -------	کیا ہیں	کس طرح ہیں	کیسا ہیں	کیسے ہیں

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے۔

		A	B	C	D
11	سوالیہ کی تعریف ہے:	سوال پوچھنا	جواب دینا	جملے کی تکمیل	مختصر ٹھہراؤ

12	جو کرے گا۔۔۔۔۔۔سو بھرے گا:	؛	،	۔	؟
13	جملہ معترضہ کو۔۔۔۔۔۔۔لکھا جاتا ہے۔	واوین میں	قوسین میں	تفصیلیہ میں	سوالیہ کی ساتھ
14	خیام اور ریحان گہرے دوست ہیں:......افہام.....علی	؟	۔	،	؛
15	(:۔)علامت ہے:	سوالیہ	تفصیلیہ	رابطہ	سکتہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

16	**پانا**	اس نے آخر کار اسے پالیا	وہ اسے پانا چاہتا ہے۔	میرے لیے اسے پانا ممکن نہیں ہے۔	میں دو ماہ تک یہ کام ختم کر پاؤں گا۔
17	**پڑنا**	میرا گھر راستے میں پڑتا ہے۔	اسے مجھ سے کام پڑ گیا۔	وہ سکول میں پڑھتا ہے۔	بلی چوہوں پر ٹوٹ پڑی۔
18	**چاہنا**	وہ اسے چاہتا ہے۔	مجھے اس نے چاہا	موسم خزاں آیا چاہتا ہے۔	اسے چاہا گیا۔
19	**اٹھنا**	وہ یہاں سے اٹھا۔	اس نے بوجھ اٹھایا۔	وہ اٹھتے ہی گر گیا۔	بچہ بھوک سے بلبلا اٹھا۔
20	**آنا**	وہ یہاں آیا۔	تم میرے پاس آؤ۔	مجھے کالج چھوڑ آؤ۔	ذرا یہاں آنا۔

اردو لازمی　　　انشائی طرز　　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　　وقت: 2:40 گھنٹے　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

کریم ایسے کہ اِنعام کرتے جاتے ہیں　　جواد ایسے کہ نعمت کو کم نہیں کرتے

جو اُن کے جادۂ رحمت سے منحرف ہو جائیں　　زمانے اُن کو کبھی محترم نہیں کرتے

یا

دیا شہ نے ترتیب اک خانۂ باغ　　ہُوا رشک سے جس سے لالہ کو داغ

عمارت کی خوبی، دروں کی وہ شان　　لگے جس میں زربفت کے سائبان

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

جگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا　　تُو ہی آیا نظر جِدھر دیکھا

جان سے ہو گئے بدن خالی　　جس طرف تُو نے آنکھ بھر دیکھا

نالہ، فریاد، آہ اور زاری　　آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

یا

قید میں یعقوبؑ نے لی گو نہ یوسفؑ کی خبر　　لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق　　میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج　　مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) شادی کے بعد اس کے معمول میں تھوڑا سا فرق آنا لازمی تھا۔ شادی سے پہلے اسے پسند نہ تھا کہ کوئی اور اس کے کھیتوں کے ان خوشوں کو چھو بھی لے۔ ان سے اس کی محبت بڑی خود غرض، والہانہ اور حاسدانہ تھی لیکن جب شادی ہو گئی تو وہ سوچنے لگا کہ بونے کاٹنے کے لیے ایک نوکر رکھ

لے۔ یہ نوکر بھی اسے اس کی منشا کے مطابق مل گیا۔ وہ ہر وقت کھیتوں سے فالتو گھاس اور کائی وغیرہ صاف کرتا، وقت پر پانی دیتا، بیلوں کو چارا ڈالتا اور فصلوں کی خاطر تواضع میں لگا رہتا تھا۔ بس تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد وہ حقّے کے دو چار کش لگاتا تھا۔

(ب) اہرام کے معمار کو اگر اقبال پارک میں لا کھڑا کرتے تو اسے نہ جانے کیا کچھ نظر آتا اور وہ اس عمارت کو نہ معلوم کیا شکل دیتا۔ اس کی غیر حاضری میں ہمیں یہ طے کرنے میں بڑی مشکل پیش آئی کہ قراردادِ پاکستان کو علامت اور عمارت کے طور پر کیا صورت دی جائے۔ باغ، جھیل، فوارے، مسجد، کتب خانہ، عجائب گھر، ہال، ہسپتال، دروازہ، درس گاہ یا مینار؟ فہرست کچھ اسی قسم کی بنی تھی اور بحث و تمحیص کے بعد کامیابی کا سہرا سرِ مینار سجایا گیا۔ موقع محل کی نسبت ہو یا صورت و ساخت کی نسبت، ماہرین کا متفق ہونا ممکن نہیں۔

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) ماں جی **(ب)** سیر دوسرے درویش کی

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) نثار میں تیری گلیوں کے **(ب)** داستان تیاری میں باغ کی

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **(20)**

(الف) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ اور دو قومی نظریہ (ب) زراعت و صنعت (ج) تعلیمِ نسواں

سوال7: اپنی والدہ کو ان کی بیمار پُرسی کے لیے خط لکھیں۔ **(10)**

یا

ایک قلم کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

اردو لازمی معروضی طرز ماڈل پیپر (سالِ دوم) وقت:20منٹ کل نمبر:20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔(1 x 20 = 20)

		A	B	C	D
1	ماں جی کے نزدیک سب سے بڑی دولت تھی:	سونا	جائیداد	کاروبار	خدمت اور محبت
2	افسانہ "محشر" میں موسم تھا:	سردی کا	گرمی کا	بہار کا	خزاں کا
3	مینار کی ابتدائی صورت کس ضرورت کے تحت وجود میں آئی؟	تعمیراتی	دفائی	ثقافتی	دفاعی
4	سہراب کی موت کا سبب تھا	رستم کی تلوار	پہچان نہ ہونا	سازش	بیماری
5	ہندوؤں نے مسلمانوں کی مشترکہ زبان اردو کے مقابلے میں قائم کیا:	فارسی کو	سنسکرت کو	ہندی کو	انگریزی کو

مطابقت اور حروف کا درست استعمال مد نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
6	"ادبی دنیا" بند ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔	گئی	گیا	گئے	گئیں
7	ہجوم نعرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔	مار رہا ہے	لگا رہا ہے	لگا رہے ہیں	مار رہے ہیں
8	میاں بیوی ہنسی خوشی۔۔۔۔۔۔:	رہتے ہیں	رہتی ہیں	رہتا ہے	رہتا ہیں
9	اگرچہ وہ غریب ہے۔۔۔۔۔۔۔ دیانت دار ہے۔	البتہ	جبکہ	تاکہ	لیکن
10	وہ صرف جھوٹا ہی نہیں۔۔۔۔۔۔ چور بھی ہے۔	لیکن	بلکہ	چونکہ	کیوں کہ

رموزِ اوقاف کو مد نظر رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
11	کی علامت استعمال ہوتی ہے: تفصیلیہ	جواب دینے کے لیے	ٹھہراؤ کے لیے	تفصیل کے لیے	سوال پوچھنے کے لیے

12	(؛)علامت ہے۔	سکتہ کی	رابطہ کی	وقفہ کی	ختمہ کی
13	سکتہ علامت ہے۔	سب سے کم ٹھہراؤ کی	سوال پوچھنے کی	پکارنے کی	فقرے کی تکمیل کی
14	ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔	بھرپور ٹھہراؤ کی	جملہ معترضہ کی	پکارنے کے لیے	کم ٹھہراؤ کے لیے
15	کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔	قوسین	واوین	خط	تفصیلیہ

امدادی افعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
16	ڈالنا	اس نے لیٹر بکس میں خط ڈالا۔	اسلم نے گلاس میں پانی ڈالا۔	بلی نے چوہے کو مار ڈالا۔	اس نے سالن میں نمک ڈالا۔
17	پڑنا	وہ فرش پر پڑا رہا۔	بچہ گر پڑا۔	کاپی میز پر پڑی ہے۔	اسلم نے خط پڑھا۔
18	لگنا	مجھے بھوک لگی ہے۔	کشتی کنارے جا لگی۔	مزدور کے سر میں اینٹ لگی۔	اسلم اچھا لگتا ہے۔
19	رکھنا	کپڑے الماری میں رکھو	روزے رکھنے فرض ہیں	کتابیں سنبھال رکھو	کاپی میز پر رکھو
20	آنا	کسی روز میرے گھر آنا	ذرا ادھر کو آؤ	میرے سامنے مت آؤ	بچے کو لے آؤ

اردو لازمی　　انشائی طرز　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　وقت: 2:40 گھنٹے　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

ہے اہلِ دل کے لیے اب یہ نظمِ بست و کشاد　　کہ سنگ و خشت مقید ہیں اور سگ آزاد

بہت ہے ظلم کے دستِ بہانہ جُو کے لیے　　جو چند اہلِ جنوں تیرے نام لیوا ہیں

یا

نہ رعبِ بادشاہی تھا، نہ فرِ تاجدارِی تھی　　محمدؐ کی قیادت میں خدا کی شرع جاری تھی

یہاں بے زر نئی دنیا کی تعمیریں اٹھاتے تھے　　مساواتِ بنی آدم کے نظارے دکھاتے تھے

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں　　لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں

قید میں یعقوبؑ نے لی گو نہ یوسفؑ کی خبر　　لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق　　میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

یا

مجھے شوقِ سیر سما نہیں، میں اسیر حرص و ہوا نہیں　　میں قفس میں عمر گزار دوں وہ ضمانتِ پر و بال دے

مرا غم شناس کوئی تو ہو، مرے آس پاس کوئی تو ہو　　مرے حرف کو جو خلوص دے، مرے لفظ کو جو کمال دے

تجھے زعمِ خود نگری سہی، مجھے فخر قربِ حبیب ہے　　میں ہوں عکس عکس میں جلوہ گر، مجھے آئینوں سے نکال دے

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) اسی زمانے میں پہلی جنگِ عظیم چھڑ گئی، جس میں انگریز کا مقابلہ جرمنی سے ہوا اور ترکی نے جرمنی کا ساتھ دیا۔ ہندوستان کے مسلمان چوں کہ ترکی کے سلطان کو حجاز کی خدمت کرنے کی وجہ سے خلیفۂ اسلام سمجھتے تھے، اس لیے انھوں نے مالی اور طبی امداد بھی بہم پہنچائی جس کی وجہ سے حکومتِ

برطانیہ کو مسلمانوں سے عناد پیدا ہو گیا لیکن انھوں نے یہاں کے مسلمانوں سے یہ وعدہ کیا کہ اگر ہمیں اس جنگ میں فتح حاصل ہو گئی تو ہم کسی طرح بھی ترکی کو مزید نقصان نہیں پہنچائیں گے۔

(ب) کچھ دن بعد گاؤں کے رئیس کی پوشاک میلی ہوئی تو اس نے اپنے دھوبی سے کہا: "میرے کپڑے ندی پر لے جاؤ اور صاف کر لاؤ۔" دھوبی نے کہا: "حضور! بہادر خان مع ملّا زندہ ہو گیا ہے اور دونوں چرخے اور کھاٹ سمیت ادھر ادھر دندناتے پھرتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں مجھے ندی پر دیکھ لیں اور پکڑ کر مار نہ دیں، اس لیے میں نہیں جاؤں گا۔" رئیس نے کہا: "میں تمھاری حفاظت کے لیے تین مسلح سوار بھیج دیتا ہوں۔" اس پر دھوبی رضامند ہو گیا۔ اس نے کپڑے لیے اور سواروں کی معیت میں اپنے گدھے پر بیٹھ کر ندی پر آیا۔

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) کافی　　**(ب)** بہادر خان کی سرگزشت

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) نعت　　**(ب)** نئی نسل کا نوحہ

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **(20)**

(الف) پاکستان میں آبادی کے مسائل　　**(ب)** سیرتِ طیبہ ﷺ　　**(ج)** ٹریفک قوانین

سوال7: اخبار کے مدیر کے نام ٹریفک کے بڑھتے ہوئے حادثات اور دیگر مسائل پر خط لکھیں۔ **(10)**

یا

اردو زبان کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

اردو لازمی　　معروضی طرز　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔ (1 x 20 = 20)

		A	B	C	D
1	افسانہ "محشر" کے مطابق دوزخ میں لوگوں کو لاتے ہیں:	فرشتے	اعمال	کام	اعمال اور کام
2	سہراب کی ماں کا نام تھا:	سکینہ	تہمینہ	جمیلہ	رودابہ
3	نواب احسن بخش خان کے ذاتی معالج تھے:	حکیم اجمل خان	حکیم احسن اللہ خان	حکیم پٹیالہ والے	حکیم لقمان
4	مولانا محمد علی جوہر کے بڑے بھائی تھے:	مولانا قاسم	وقار الملک	نواب سلیم اللہ	مولانا شوکت علی
5	مصنف کو کافی میں بُو آتی ہے:	نسوار کی	چائے کی	سگریٹ کی	سگار کی

مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
6	نوائے وقت دلچسپی سے:	پڑھی جاتی ہیں	پڑھا جاتا ہے	پڑھی جاتی ہے	پڑھے جاتے ہیں
7	اس کا باغ، دکانیں، زمین سب کچھ:	بک گیا	بک گئے	بک گئیں	بک گئی
8	ماں بیٹا:	جاگ رہا ہے	جاگ رہی ہے	جاگ رہے ہیں	جاگتے ہیں
9	محنت کرو۔۔۔۔۔ فیل ہو جاؤ گے۔	کیونکہ	مگر	چونکہ	ورنہ
10	میں نے بہت سمجھایا۔۔۔۔ علی نہیں مانا۔	اگرچہ	لیکن	خواہ	اور

رموزِ اوقاف کو مدنظر رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D

11	سوالیہ کی تعریف ہے:	فقرے کی تکمیل	سوال پوچھنا	حیرت کا اظہار	مختصر ٹھہراؤ
12	وقفہ کی تعریف ہے۔	سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ	قول بیان کرنا	پکارنا	مکمل ٹھہراؤ
13	()علامت ہے:	وقفہ	سوالیہ	قوسین	سکتہ
14	:-علامت ہے۔	واوین	تفصیلیہ	سوالیہ	ختمہ
15	سچ ہے------بری بلا ہے۔	،	؟	۔	:

امدادی افعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
16	ڈالنا:	مجھے خط ڈالنا ہے	اس نے کتاب پھاڑ ڈالی	لیٹر بکس میں خط ڈال دیا	کپ میں چائے ڈالی
17	آنا:	وہ آیا	اسلم آگیا	تم کب آؤ گے؟	سبق پڑھ آؤ
18	رہنا:	وہ کام کرتا رہا	وہ یہاں نہیں رہتا	وہ لاہور رہتا ہے	وہ کب تک رہے گا؟
19	پڑنا:	وہ پڑھتا رہا	قلم بیگ میں پڑا ہے	وہ گر پڑا	وہ راستے میں پڑا ہے
20	جانا:	بازار جاؤ	اسے کالج جانا ہے	روز کالج جانا ہے	سبق پڑھ جاؤ

اردو لازمی　　انشائی طرز　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　وقت: 2:40 گھنٹے　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

محشر میں ہو نہ مجھے پیاس کا ڈر، ہوں مہرباں مجھ پہ ساقیِ کوثر　　رب سے دعا کی زم زم کو پی کر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

تیرے کرم کی کیا بات مولا، تیرے حرم کی کیا بات مولا　　تا عمر کر دے آنا مقدر، اللہ اکبر، اللہ اکبر

یا

محمدؐ کا مدینہ ہی جہاں میں ایک بستی تھی　　جہاں راحت کا سایہ تھا جہاں رحمت برستی تھی

نگاہِ عرشیاں میں فرشِ فردوسِ نظارہ تھا　　خدا کے فضل سے 'انسانِ کامل' جلوہ آرا تھا

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا غم　　مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں

تُو شاہیں ہے، پرواز ہے کام تیرا　　ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا　　کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

یا

تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے　　ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور　　تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

جب تیرے تصور نے جلائیں نہیں شمعیں　　لمحات وہی اپنے دل و جاں پہ کھلے ہیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) سنا ہے کہ چائے کے بڑے خوب صورت باغ ہوتے ہیں۔ یہ بات یوں بھی سچ معلوم ہوتی ہے کہ چائے اگر کھیتوں میں پیدا ہوتی تو ایشیائی ممالک میں اتنی افراط سے نہیں ملتی بلکہ غلے کی طرح غیر ممالک سے درآمد کی جاتی۔ میری معلوماتِ عامہ محدود ہیں مگر قیاس یہی کہتا ہے کہ کافی بھی زمین ہی

سے اگتی ہو گی کیوں کہ اس کا شمار ان نعمتوں میں نہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں پر آسمان سے براہِ راست نازل کرتا ہے۔ تاہم میری چشمِ تخیل کو کسی طور یہ باور نہیں آتا کہ کافی باغوں کی پیداوار ہو سکتی ہے۔

(ب) اے خدا۔ اے کریم ورحیم خدا۔ اولاد باپ کی زندگی کا سرمایہ اور ماں کی روح کی دولت ہے۔ یہ دولت محتاجوں سے نہ چھین۔ اپنی دنیا کا قانون بدل ڈال۔ اس کی موت مجھے اور میری باقی زندگی اسے بخش دے۔ موت۔ موت تو زال ورودابہ کے گھر کا اجالا، میرے بڑھاپے کی امید، میری تہمینہ کا بولتا کھیلتا ہوا کھلونا کہاں لیے جارہی ہے؟ دیکھ میری طرف دیکھ۔ میں نے بڑے بڑے بادشاہوں کو تاج وتخت کی بھیک دی ہے، آج ایک فقیر کی طرح تجھ سے اپنے بیٹے کی زندگی کی بھیک مانگتا ہوں۔

سوال4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) رستم وسہراب **(ب)** حکیم احسن اللہ خان

سوال5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) حمد **(ب)** میں روزے سے ہوں

سوال6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **(20)**

(الف) اردو کی مقبولیت کے اسباب **(ب)** رواداری **(ج)** کسب حلال کی فضیلت

سوال7: والد صاحب کے نام تفریحی مقام کی سیر کا حال بیان کرنے کے لیے خط لکھیں۔ **(10)**

یا

پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

اردو لازمی　معروضی طرز　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　وقت:20منٹ　کل نمبر:20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔(1 x 20 = 20)

		A	B	C	D
1	بہادر خان کی خودداری کی وجہ تھی:	سماجی آزادی	معاشی آزادی	مذہبی آزادی	کوئی نہیں
2	**نواب شمس الدین کی حویلی تھی:**	مٹیا محل	دریا گنج	فتح پور	چتلی قبر
3	**حاتم کی نام آوری کے سبب دشمنی کمال ہوئی:**	نوفل کو	سلطان کو	پہلے درویش کو	دوسرے درویش کو
4	**مصنف نے مینار کو تعبیر سمجھا:**	سنگ وخشت کی	دولت کی	شہرت کی	جذبوں اور افکارِ نو کی
5	**حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے تلاوت کی:**	سورہ مریم	سورہ فلق	سورہ یٰسین	سورہ بقرہ

مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
6	**دھن و دولت:**	آنا جانا ہے	آتی جاتی ہے	آتے جاتے ہیں	آتی جاتی ہیں
7	**یہ عورت:**	اچھی گاتی ہے	خوب اچھی گاتی ہے	اچھا گاتی ہے	اچھی گاتی ہیں
8	**جناب تشریف:**	لاؤ	لے آؤ	لے جاؤ	لائیں
9	**تم فارغ بیٹھے ہو۔۔۔۔۔کام ابھی باقی ہے۔**	چونکہ	جبکہ	بلکہ	مگر
10	**تم اگر محنت کرو گے۔۔۔۔۔امتحان میں پاس ہو جاؤ گے۔**	جبکہ	لیکن	کیونکہ	تو

رموزِ اوقاف کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
11	رابطہ کی تعریف کریں۔	رابطہ کرنا	وقفہ سے زیادہ ٹھہرنا	بات ختم کرنا	مختصر قیام کرنا
12	تفصیلیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔	تفصیل سے پڑھنے کیلئے	جذبات کے اظہار کے لیے	کسی بات کی تفصیل کے لیے	فاصلہ ماپنے کیلئے
13	قوسین کی علامت ہے۔	()	""	۔	؟
14	؟علامت ہے۔	ندائیہ کی	وقفہ کی	خط کی	سوالیہ کی
15	اکرم۔۔۔۔۔۔۔۔میرے پاس آؤ۔	۔	:	!	؟

امدادی افعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے۔

		A	B	C	D
16	لینا:	کافی لوگے یا چائے؟	آپ نے مجھ سے کتاب لی تھی	کام کر لیجئے	میں نے نیا موبائل لیا
17	پانا:	میں نے جو چاہا، پالیا	جنید لاہور بڑی مشکل سے جا پایا	پہلے آئے پہلے پایئے	میں نے آپ کو بڑی مشکل سے پایا
18	اٹھنا:	تم کب اٹھوگے؟	یہاں سے فوراً اٹھ جاؤ	سپاہی کو دیکھتے یہ چور بھاگ اٹھا	تم اتنی جلدی کیسے اٹھ گئے؟
19	چلنا:	فقیرانہ آئے صدا کر چلے	اسی وقت یہاں سے چلے جاؤ	میرے ساتھ بھاگا تو پتا چلے	آپ کا دماغ چل گیا ہے
20	لگنا:	مجھے اچھے کیوں لگتے ہو؟	خیال کرو میں تمہارا کچھ لگتا ہوں	بچہ سانپ کو دیکھ کر شور مچانے لگا	حسیب تمہارا کیا لگتا ہے۔

اردو لازمی　　انشائی طرز　　ماڈل پیپر (سالِ دوم)　　وقت: 2:40 گھنٹے　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

یہاں ہر رنگ کے پھولوں کا اک گلزار کھلتا تھا　　غریبوں، بے زبانوں کو لبِ گفتار ملتا تھا

مجاہد تھے مگر نامِ خدا پر کانپ جاتے تھے　　یہ زاہد تھے فقط صدق و یقیں پر سر جھکاتے تھے

یا

دیا شہ نے ترتیب اک خانہ باغ　　ہُوا رشک سے جس سے لالہ کو داغ

عمارت کی خوبی، دروں کی وہ شان　　لگے جس میں زربفت کے سائبان

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+3+3+3)

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں　　خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

یاد تھیں ہم کو بھی رنگارنگ بزم آرائیاں　　لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں

قید میں یعقوبؑ نے لی گو نہ یوسفؑ کی خبر　　لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

یا

یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں　　دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے　　یہ دل کے کنول ہیں کہ بُجھے ہیں نہ جلے ہیں

نازک تھے کہیں رنگِ گل و بُوئے سمن سے　　جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) "اے بادشاہ! آپ کے ملک میں ہمارے کچھ ناسمجھ نوجوان بھاگ آئے ہیں۔ انھوں نے اپنی قوم کا دین چھوڑ دیا ہے لیکن آپ کے دین میں بھی داخل نہیں ہوئے ہیں بلکہ ایک نیا دین ایجاد کیا ہے جسے نہ ہم جانتے ہیں، نہ آپ۔ ہمیں آپ کی خدمت میں انھی کی بابت ان کے والدین، چچاؤں اور

کنبے قبیلے کے عمائدین نے بھیجا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ آپ انھیں ان کے پاس واپس بھیج دیں، کیوں کہ وہ لوگ ان پر کڑی نگاہ رکھتے ہیں اور ان کی خامی اور عتاب کے اسباب کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔

(ب) جب عبداللہ صاحب کا انتقال ہوا تو ان کی عمر باسٹھ سال اور ماں جی کی عمر پچپن سال تھی۔ سہ پہر کا وقت تھا۔ عبداللہ صاحب بان کی کھردری چارپائی پر حسبِ معمول گاؤ تکیہ لگا کر نیم دراز تھے۔ ماں جی پائینتی بیٹھی چاقو سے گنا چھیل چھیل کر ان کو دے رہی تھیں۔ وہ مزے مزے سے گنا چوس رہے تھے اور مذاق کر رہے تھے۔ پھر یکایک سنجیدہ ہو گئے اور کہنے لگے، "بھاگوان! شادی سے پہلے میلے میں میں نے تمھیں گیارہ پیسے دیے تھے کیا ان کو واپس کرنے کا وقت نہیں آیا؟" ماں جی نے نئی دلہنوں کی طرح سر جھکا لیا اور گنا چھیلنے میں مصروف ہو گئیں۔

سوال 4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(9+1=10)**

(الف) محشر **(ب)** نظریہ پاکستان

سوال 5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **(4+1=5)**

(الف) انسانِ کامل کی برکات **(ب)** نثار میں تیری گلیوں کے

سوال 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **(20)**

(الف) پاکستان کا قومی کھیل **(ب)** سائنس کے کرشمے **(ج)** سیلاب کی تباہ کاریاں

سوال 7: چھوٹے بھائی کے نام ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کے لیے خط لکھیں۔ **(10)**

یا

سو روپے کے کرنسی نوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔